علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

سطح: بی۔اے	سمسٹر: بہار 2009ء
پرچہ: معاشرتی وثقافتی بشریات (412)	کل نمبر: 100
وقت: تین گھنٹے	کامیابی کے نمبر: 40

نوٹ:۔ پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔

سوال نمبر۔1	(الف) صحیح اور غلط کی نشاندہی کریں۔ ۱۔ انسانی تمناؤں اور تقاضوں کی تکمیل کا دوسرا نام زبان ہے۔ ص/غ ۲۔ پیشہ ورانہ حرکت پذیری کو عمودی حرکت پذیری کہتے ہیں۔ ص/غ ۳۔ ارسطو کے نزدیک غریب لوگ صحیح دلائل کو مشکل سے مانتے ہیں۔ ص/غ ۴۔ معاشرتی تنظیم کی ایک بنیاد تحفظ بھی قرار پائی ہے۔ ص/غ ۵۔ ذاتی تجربہ تحقیق میں مؤثر ذریعہ نہیں خیال کیا جاتا۔ ص/غ	(5)
	(ب) ۔خالی جگہ پُر کریں۔ ۱۔ مذہب کی ایک ضروری شرط یہ ہے کہ وہ انسانی ذہن کی ------------- نہ ہو۔ ۲۔ ہر معاشرے میں کچھ منصب کھلی ------------- کے ذریعے پُر کیے جاتے ہیں۔ ۳۔ ------------- انسانی معاشرے کی پیداوار ہے۔ ۴۔ ثقافت ساکن نہیں بلکہ ------------- ہوتی ہے۔ ۵۔ عمر اور جنس کے اعتبار سے مناصب کا تعین ------------- حقائق کہلاتے ہیں۔	(5)
	(ج) دو سطور کے نوٹ لکھیں۔ ۱۔ اطلاقی بشریات ۲۔ اندرونی نقل مکانی ۳۔ ثقافت کے اجزائے ترکیبی ۴۔ اقدار ۵۔ معاشرتی ضبط کے روایتی طریقے	(10)
سوال نمبر۔2	بیسویں صدی کے جدید نظریہ ارتقاء پر تفصیلی نوٹ لکھئے۔	(20)
سوال نمبر۔3	معاشرتی تنظیم کے بنیادی ادارے کون سے ہیں اور ان میں خاندان کی اہمیت کیا ہے؟	(20)
سوال نمبر۔4	معاشرتی ضبط کا نظام کیا ہے؟ معاشرتی ضبط کے مختلف طریقے بیان کریں۔	(20)
سوال نمبر۔5	اسلام میں شادی کا مفہوم کیا ہے نیز پاکستان کے صوبہ سرحد میں شادی کی مختلف رسومات بیان کریں۔	(20)
سوال نمبر۔6	نقل مکانی کا مفہوم بیان کرتے ہوئے اس کی اقسام پر نوٹ لکھیں۔	(20)
سوال نمبر۔7	ثقافت میں زبان کی اہمیت اور مقام بیان کریں۔	(20)
سوال نمبر۔8	ماہرین کے مطابق معاشرتی درجہ بندی کیا ہے؟ درجہ بندی کو متعین کرنے والے ذرائع بیان کریں۔	(20)

****